فارسی قصیدہ نگاری
نذیر احمد
SARFRAZ

فارسی قصیدہ نگاری

نذیر احمد

ادارۂ علوم اِسلامیہ
علی گڑھ مسلم یونیورسٹی ، علی گڑھ

سلسلۂ مطبوعات ادارۂ علوم اسلامیہ: ۳۴

ناشر: ادارۂ علوم اسلامیہ، اے۔ ایم۔ یو۔ علی گڑھ

سنہ اشاعت ۱۹۹۱ء

تعداد ۵۰۰

طبع اول

ملنے کا پتہ: پبلی کیشنز ڈویژن، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی،
علی گڑھ ۲۰۲۰۰۱ - یو۔ پی

پریس: لیتھو کلر پرنٹرس، اچل تال، علی گڑھ

پیش لفظ

زیرِ نظر کتاب فارسی زبان و ادب کے نامور محقق، استاذ محترم پروفیسر نذیر احمد صاحب کی تراوشِ قلم کا نتیجہ ہے۔ صاحب موصوف کا اصل میدانِ کار تو نئے نئے مخطوطات کی دریافت اور اُن کے ناقدانہ متون کو مرتب کر کے موجود مگر نامعلوم کو معلوم بنانا ہے، اِدھر کئی برسوں سے وہ دیوانِ حافظ کے متعدد مخطوطات کو منکشف کرنے اور ان کے ناقدانہ متون مرتب کرنے میں مصروف ہیں جن میں سے کئی شایع بھی ہو چکے ہیں اور حافظ کی وہ غزلیں جو اُن کی زندگی میں مرتب شدہ بیاض "مجموعۂ لطایف و سفینۂ ظرایف" میں محفوظ ہیں ان کے عالمانہ مقدمہ و تحشیہ کے ساتھ جلد ہی منظرِ عام پر آنے والی ہیں۔ ترتیبِ متون سے اِس شغف کے باوجود وہ بہت سے علمی مسائل اور تاریخی حقایق پر بھی اظہارِ خیال فرمایا کرتے ہیں۔ ہمیں خوشی ہے کہ انھوں نے ہماری درخواست پر فارسی قصیدہ نگاری کو اپنے مخصوص مطالعے کا ہدف بنا کر اُس کے بہت سے پوشیدہ گوشوں کو اہلِ علم کے سامنے پیش کرنے کی سعیِ بلیغ کی ہے۔

اسلامی علوم و معارف کا جتنا بڑا اور اہم ذخیرہ فارسی زبان

کے توسط سے عالم وجود میں آیا ہے، اتنا بڑا اور اہم ذخیرہ عربی کے علاوہ شاید ہی کسی مشرقی زبان میں معرضِ وجود میں آیا ہو۔ یہاں یہ بات بھی خاص طور سے قابلِ ذکر ہے کہ فارسی کی خالص ادبی اصناف بھی اسلامی علوم و معارف کی اسی طرح شارح و ترجمان ہیں جس طرح وہ علوم ہیں جن کو جدید علمی اصطلاح میں "اسلامک سائنسز" کا نام دیا جاتا ہے۔ اگر اس نقطۂ نظر سے فارسی ادبیات بالخصوص شاعری کا مطالعہ کیا جائے تو بہت سے ایسے گوشے اُبھر کر سامنے آئیں گے جو ابھی تک ہماری نگاہوں سے مخفی ہیں۔

قصیدہ فارسی شاعری کی ایک انتہائی اہم صنف ہے۔ قدما اس صنفِ سخن میں اپنے زورِ طبع ہی کا نہیں علم و فضل کا بھی مظاہرہ کیا کرتے تھے جب علمِ نجوم، ہیئت اور موسیقی کی اصطلاحوں سے لوگ ناآشنا ہونے لگے اور مذکورہ علوم کی اصطلاحیں ان کے لیے چیستاں بننے لگیں تو اس صنفِ سخن کو مطعون کیا جانے لگا اور قصیدہ کے یہ معنی قرار دیئے جانے لگے کہ یہ ایک ایسی صنفِ سخن ہے جس میں شاعر یا تو دروغ گوئی کا مرتکب ہوتا ہے یا پھر "بھٹئی" کا۔ استاذِ محترم پروفیسر نذیر احمد صاحب نے اس طلسم کو توڑتے ہوئے وافر مثالوں کے ذریعے یہ بات ثابت کی ہے کہ قصیدہ ہی وہ واحد صنفِ سخن ہے جو تاریخی ماخذ کے بھی کام آتی ہے اور جس کے مطالعے کے ذریعے شاعر کے زمانے کے تہذیبی سرمایے سے بھی واقف ہوا جا سکتا ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ یہی وہ صنفِ سخن بھی ہے جس میں اسلامی علوم و معارف کے بہت سے ایسے نکات بھی محفوظ ہیں جن کے ذریعے سے اُن کے ارتقا اور مسلمانوں پر اُن کے اثرات سے بھی نہ صرف واقف ہوا جا سکتا ہے بلکہ اُن کی ایک جامع تاریخ بھی مرتب کی جا سکتی ہے۔

زیرِ نظر کتاب میں جو اشارات ہیں اُن میں ایجاز و اختصار کی کارفرمائی صاف طور سے دیکھی جا سکتی ہے۔ اِس ایجاز و اختصار کو قابلِ فہم بنانے اور اشارات کی تہہ تک پہنچنے کے لیے پروفیسر نذیر احمد صاحب نے طول و طویل اقتباسات کے ذریعے اپنی بات واضح کر دی ہے۔ اب یہ اُن کے بعد کی نسل کا کام ہے کہ وہ اُن کے آغاز کردہ کام کو اُس شرح و بسط کے ساتھ انجام تک پہنچائے کہ مسئلہ زیرِ بحث کا ہر ہر نکتہ روشن و واضح ہو کر نگاہوں کے سامنے آ جائے۔

مقامِ مسرت ہے کہ پروفیسر نذیر احمد صاحب کی یہ کتاب ادارۂ علوم اسلامیہ کی طرف سے شایع کی جا رہی ہے۔ امید ہے کہ صاحب موصوف ادارۂ علوم اسلامیہ سے اِسی طرح عملی تعاون فرماتے رہیں گے اور ہم اُن کی رہبری و رہنمائی کے سایے میں علم و ادب کے نئے نئے گوشوں تک رسائی حاصل کرتے رہیں گے۔ خدا کرے کہ پروفیسر نذیر احمد صاحب کی یہ کتاب بھی اُن کی دوسری کتابوں کی طرح ہاتھوں ہاتھ لی جائے اور اُن کے جلائے ہوئے چراغ سے لاتعداد چراغ روشن ہوں۔

کبیر احمد جائسی

ڈائرکٹر ادارۂ علوم اسلامیہ
علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

۴ مارچ ۱۹۹۱ء

فارسی قصیدہ نگاری

حال ہی میں غالب کی فارسی قصیدہ نگاری پر ایک مقالہ لکھنے کی فرمایش ہوئی، اس موضوع پر جب لکھنے کا ارادہ مصمم ہوا تو اس سلسلے میں کچھ مطالعات شروع کیے، اس وقت اس نتیجے پر پہنچا کہ فارسی قصیدہ نگاری کے مطالعے کے بغیر اس موضوع پر اظہار خیال بے موقع ہوگا۔ اس کے ساتھ یہ امر بھی قابل لحاظ ہے کہ ہندوستانی نقادوں اور محققوں نے فارسی قصیدہ گوئی کے مطالعے کا حق ادا نہیں کیا بلکہ اکثر اس صنف کے بارے میں غلط فہمی پھیلانے کے ذمہ دار ہوئے ہیں۔ میری اپنی نظر میں فارسی قصیدہ گوئی فارسی شاعری کا طرۂ امتیاز ہے۔ اس صنف شاعری میں فارسی قصیدہ نگاروں نے نئے نئے موضوعات شامل کیے ہیں۔ کہنے کو تو یہ مدحیہ شاعری ہے اور شاعر کی ساری صلاحیت ممدوح کی شخصیت کی برتری ثابت کرنے پر مرکوز ہوتی ہے۔ مگر ایسا نہیں، ممدوح تو محض ایک بہانہ ہے، شاعر کا مقصد تو اپنے شاعرانہ خیالات کا اظہار ہوتا ہے اور اس کے لیے قصیدے کا ابتدائیہ جس کو تشبیب کہتے ہیں، نہایت مناسب جگہ ہے۔ اس میں پچاسوں موضوعات پر طبع آزمائی ہوتی ہے کبھی عاشقانہ رنگ کے اشعار لکھے جاتے ہیں جو غزل کی بنیاد ہوتے ہیں۔ کبھی بہار کے تعلق سے رنگ برنگ کے چھوٹے بڑے موضوع پر اظہار خیال ہوتا ہے، فخریہ تو شاعر کا دل پسند موضوع ہے۔ اس میں شاعر طرح طرح سے اپنی خودداری اور خودستائی کے راگ الاپتا ہے۔ غرض اخلاقی، مذہبی، عارفانہ، تاریخی، قومی، سیاسی وغیرہ موضوعات پر شاعر کے بے لاگ اظہار خیال کے لیے قصیدے سے بہتر کوئی صنف نہیں اور حق بات یہ ہے کہ فارسی قصیدے موضوعات و مضامین کے تنوع کے اعتبار سے

اپنا جواب نہیں رکھتے۔ اس لیے مجھے ان حضرات سے بنیادی اختلاف ہے جو قصیدہ گوئی کو محض 'بھٹی' سمجھتے ہیں اور اس لحاظ سے وہ فارسی قصیدہ گو شعرا کی عظمت کے قائل نہیں۔ شبلی نعمانی جیسے نقّاد نے بھی فارسی قصیدہ سرائی کے موضوع کے ساتھ انصاف نہیں کیا۔ ذیل میں قصیدہ سرائی کے چند نمونے پیش کرنے کی اجازت چاہوں گا۔

رودکی پہلا اہم قصیدہ نگار ہے جس نے بڑے سادہ الفاظ میں نہایت زوردار قصیدے لکھے ہیں جو واقعہ نگاری کے قابل قدر نمونے ہیں:

تاریخ سیستان[1] میں رودکی کا ایک تاریخی قصیدہ نقل ہے۔ اس میں ۴۹ بیت ہیں۔ امیر ابوجعفر احمد[2] سیستان کا امیر تھا (۳۱۱ - ۳۵۲ھ)، اس نے ماکان کے پاس ایک سفیر بھیجا۔ ماکان نے اس کے ساتھ اچھا برتاؤ نہ کیا۔ اس کی داڑھی مونڈ ڈالی تو امیر ابوجعفر نے بہ نفس نفیس اس پر شب خون مارا۔ ماکان کو پکڑ کر سیستان لے آیا اور اس کی داڑھی کا صفایا کر کے بڑے اکرام کے ساتھ اس وقت تک رکھا جب تک اس کی داڑھی پھر نکل نہ آئی۔ یہ خبر جب بخارا پہنچی تو سامانی حکمران نصر بن احمد جو ماکان کو شکست دینے میں ناکام رہا تھا، نہایت خوش ہوا۔ ایک محفل منعقد کی جس میں رودکی نے امیر ابوجعفر کی مدح میں قصیدہ لکھا۔ قصیدہ ابوجعفر کی صفات کا جیتا جاگتا نقشہ ہے اور واقعات نگاری کا اعلیٰ نمونہ۔ چند شعر نقل کرتا ہوں:

مادرِ مے را بکرد باید قربان
بچۂ او را گرفت و کرد بزندان
بچہ او را ازو گرفت ندانی
تاش نکوبی نخست و زو نکشی جان

---

[1] رک: تاریخ سیستان ص ۳۱۶ - ۳۲۴

[2] اس کے حالات کے لیے دیکھیے راقم کا مضمون: امیر خلف بن احمد، نذرِ مختار، ص ۱۶۴ تا ۱۷۲، نیز یادداشتہای قزوینی ج ۲ ص ۱۵۱ - ۱۵۴؛ اس ماخذ تک راقم کی رسائی بعد میں ہوئی اور مقالۂ بالا میں اس سے استفادہ نہ ہو سکا۔

جز که نباشد حلال دور بکردن
بچهٔ کوچک ز شیر مادر و پستان
تا نخورد شیر هفت مه بتمامی
از سر اُردی بهشت تا بن آبان
آنگه شاید ز روی دین و ره داد
بچهٔ بزندان تنگ و مادر قربان
چون بسپاری بحبس بچهٔ او را
هفت شبارو زخیره مانده و حیران
باز چو آید بهوش و حال ببیند
جوش برآرد بنالد از دل سوزان
شادی بو جعفر احمد بن محمد
آن مه آزادگان و مفخر ایران
آن ملک عدل و آفتاب زمانه
زنده بدو داد و روشنائی گیهان
خلق همه از خاک و آب و آتش و بادند
وین ملک از آفتاب گوهر سامان
فرّ بدو یافت ملک تیره و تاری
عدن بدو گشت نیز گیتی ویران
گر تو فصیحی همه مناقب او گوی
ور تو دبیری همه مدایح او خوان
ور تو حکیمی و راه حکمت جوئی
سیرت او گیر و خوب مذهب او دان
آنکه بدو بنگری بحکمت گوئی

اینک سقراط و ہم فلاطن دیونان
در تو فقیہی و سوی شرع گرائی
شافعی اینک و بو حنیفہ و سفیان
کو بکشاید زبان بعلم و بحکمت
گوش کن اینک بعلم و حکمت لقمان
مرد ادب را خرد فزاید و حکمت
مرد خرد را ادب فزاید و ایمان..

پورا قصیدہ نقل کرنے کے بعد تاریخ سیستان کا مولف لکھتا ہے :

" اور ہم نے یہ اشعار اس لیے درج کیے ہیں کہ جو انھیں پڑھے گا اس نے گویا امیر باجعفر کو دیکھا ہوگا ، وہ بالکل ایسا ہی تھا جیسا کہ (رودکی) نے بیان کیا ہے یہ اشعار رودکی نے امیر خراسان کی مجلس میں پڑھے اور کوئی شخص کسی ایک بیت کا یا کسی ایک مضمون کا جو اس میں ہے انکار نہیں کر سکا۔ بلکہ سب نے متفق اللفظ ہو کر کہا کہ اس کی (ابو جعفر کی) مدح میں جتنا بھی لکھا جائے، لکھنے والا اپنے (فرض سے) عہدہ برآ نہیں ہو سکتا۔"

رودکی کے مشہور قصیدے[1] "جوے مولیاں" کی شان نزول سے اکثر لوگ واقف ہیں - امیر نصر بن احمد فصلِ بہار میں بخارا سے ہرات چلا آیا ، یہاں اس کا دل اتنا لگا کہ چار سال تک اسی طرف میں رہ پڑا - اہلِ لشکر اور اہلِ دربار بہت پریشان ہو گئے۔ انھوں نے رودکی سے کہا کہ وہ کوئی ایسی نظم لکھے کہ بادشاہ بخارا جانے پر راضی ہو جائے ۔ رودکی نے ایک قصیدہ لکھا اور محفل میں پردۂ عشاق میں قصیدے کے چند شعر پڑھے :

بوی جوی مولیان آید ہمی یاد یارِ مہربان آید ہمی
ریگ آموو درشتی راہ او زیرِ پایم پرنیان آید ہمی

[1] یہ قصیدہ نظامی عروضی سمرقندی کے "چہار مقالہ" کے مقالۂ دوم میں نقل ہے ۔

آب جیحون از نشاط روی دوست | خنگ مارا تامیان آید ہمی
ای بخارا شاد باش و دیر زی | میر زی تو شادمان آید ہمی
میر ماہست و بخارا آسمان | ماہ سوی آسمان آید ہمی
میر سرو است و بخارا بوستان | سرو سوی بوستان آید ہمی[1]

جب رودکی اس بیت پر پہنچا تو امیر اتنا متاثر ہو چکا تھا کہ بغیر موزے کے گھوڑے پر سوار ہو گیا، دو فرسنگ کے بعد موزے اور رانین پہنا اور بخارا تک کہیں بھی منزل نہ لی ـــــ صاحب چہار مقالہ لکھتا ہے کہ صاحبِ قصیدہ اسی تعظیم و تکریم کا مستحق تھا۔ ہنوز اس قصیدے کا کسی سے کوئی جواب نہیں ہو سکا۔ امیر معزی سے زین الملک ابو سعد ہندو اصفہانی نے اس کے جواب میں ایک قصیدہ لکھوایا، جس کا مطلع یہ ہے :

رستم از مازندران آید ہمی | زین ملک از اصفہان آید ہمی

واضح ہے کہ دونوں قصیدوں میں جو فرق ہے وہ اہل نظر پر پوشیدہ نہیں۔ رودکی کا ایک قصیدہ اس طرح شروع ہوتا ہے۔ کون ہے جو اس شیرینی کے ساتھ شعر کہے :

آفرین و مدح سود آید ہمی | گر بگنج اندر زیان آید ہمی[2]

---

[1] منہاج سراج نے طبقات ناصری (طبع کابل) جلد ا، ص ۲۶۱ میں خود رودکی کے بجائے امیر معزی کی طرف منسوب کیا ہے اور واقعہ سنجر سے متعلق بتایا ہے

[2] مولانا شبلی نعمانی نے اس کے جواب میں چند شعر لکھے اور غالب نے تو ایک پورا قصیدہ رودکی کی زمین میں ولی عہد بہادر کی مدح میں نظم کیا۔ اس کے کچھ اشعار ملاحظہ ہوں :

داور سلطان نشان آید ہمی | سرور گیتی ستان آید ہمی
داور و سرور چہ می گوئی بگوی | دالیِ ہندوستان آید ہمی
موکبی بینی کہ پنداری مگر | نو بہاری بی خزان آید ہمی
وآن گلستانی کہ نامش موکب است | گر لبوی بوستان آید ہمی
از خیابان بہر استقبال سرو | تا در گلشن روان آید ہمی
شہریاران نکتہ دانان بودہ اند | شہریار نکتہ دان آید ہمی

سلطان محمود کے درباری شعرا میں عنصری اور فرخی مشہور قصیدہ نگار تھے۔ دونوں کے قصائد کے متعلق یہ کہنا ازبس ضروری ہے کہ وہ محمود غزنوی دور کے اہم ماخذ کا کام کرتے ہیں۔ قابل ذکر امر یہ ہے کہ تاریخ کے مطالعے میں ادبی ذرایع اکثر نظر انداز ہوجاتے ہیں۔ حالانکہ شعرا کے دواوین اور ادیبوں کی تصانیف تہذیبی زندگی کے مسائل سے مالا مال ہوتے ہیں اور بعض تو سیاسی و تاریخی واقعات کے دستاویز کا کام کرتے ہیں۔ غرض ایران کے ہر دور کے ادبی سرمایے تاریخ نویسی کے بڑے کارآمد مصادر رہیں۔ اس سلسلے میں عنصری اور فرخی کا کلام خصوصیت سے قابلِ توجہ ہے۔ افسوس یہ ہے کہ عنصری کا زیادہ کلام دستیاب نہیں لیکن جو کچھ موجود ہے اس میں اس دور کی تاریخ کے لیے کافی مواد موجود ہے۔ ذیل میں ایک قصیدے کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے جس میں محمود کی فتوحات کا ذکر ہے۔ مطلع یہ ہے[۱]:

ایا شنیدہ ہنرہای خسروان بخبر

بیا ز خسرو مشرق عیان ببین تو ہنر

صفحہ نمبر ۱۱ کا بقیہ حاشیہ

مہربان بر خلق باید شہریار	شہریار مہربان آید ہمی
شہریاری با جوانی خوشتراست	شہریار نوجوان آید ہمی
نام شاہی از شہنشہ یافتہ	باکف گوہرفشان آید ہمی
معدلت را منصب مشاطگی	زینت افزای جہان آید ہمی
لاجرم اہل زمین را ز آسمان	مژدۂ امن و امان آید ہمی

(کلیات فارسی ج ۲، ص ۲۹۹)

غالب نے رودکی کی پیروی میں نہایت سادہ قصیدہ پیش کیا ہے لیکن غالب کی عام روش کے برخلاف یہ نظم سپاٹ ہے اور بلاشبہ اس میں وہ روانی اور دلکشی نہیں جو رودکی کا امتیاز ہے اور جس کی بنا پر کئی صدی تک فارسی شاعری میں اس کی گونج سنائی دیتی رہی ہے۔

[۱] دیوان ص ۱۰۷

اس میں پہلے محمود کی ہمت، سخاوت، طلعت کی مدح ہے، اس نے شاعروں کے ساتھ سخاوت کے جو دریا بہائے ہیں اس کی مثال نہ ملے گی۔ رودکی کو چالیس ہزار درہم بطور انعام ملے، لیکن سلطان نے اس سے زیادہ انعام شاعروں کے بخشے جس کے نتیجے میں اس کا دربار مجمع شعرا بن گیا۔ پھر اس کی فتح مرو کا ذکر ہے۔ اس کے بعد جنگ سیستان[1] کا، سیستان کا فرمان روا امیر خلف بن احمد تھا یہ ایرانی نژاد صفاری خانوادے کا آخری حکمراں۔ اس کی حکومت کا خاتمہ تاریخ ایران کا ناقابل فراموش واقعہ ہے۔ پھر بحیرا کی مملکت کی فتح کے بعد راجہ جے پال کی شکست کا ذکر ہے۔ اس کے بعد سومنات کے سفر کا بیان ہے۔ اس جگہ کے چند شعر سنیے:

حکایت سفر سومنات ہمی دانی
دگر ندانی تاج الفتوح پیش آور
اگر ز دجلہ فریدون گذشت بی کشتی
بشاہنامہ برین بر حکایتست و سمر
سمر درست بود نا درست نیز بود
تو تا درست ندانی سخن مکن باور
بچند راہ ز سیحون و از بیابان[2] وبہت[3]
برون گذشت نہ کشتیش بود و نہ شگر

---

[1] محمود نے ۳۹۳ھ میں اس کو فتح کیا۔ سیستان کو مدینۃ العذرا کہا گیا ہے۔ عنصری نے بھی یہی لکھا ہے:

نبودہ بود بر آن شہر هیچکس را دست ... ز عہد سام نریمان دگاہ رستم زر

مدینۃ العذرا بود نام او تا بود ... از آنکہ چیرہ نشد هیچکس بر او بظفر

سیستان کی فتح کا ذکر تاریخ کامل ج ۹، ص ۵۹، تاریخ یمینی، تاریخ گزیدہ وغیرہ میں تفصیل سے آیا۔ نیز دیکھیے راقم الحروف کا مضمون: خلف بن احمد، مجلہ ایرانشناسی دانشگاہ امریکا، نیز "نذر مختار" مجموعہ دہلی۔

بچشم خویش بسی دیده ام که شاه زمن
به نیک روز و به نیکو زمان و نیک اختر
از آن سپس که درد وہم رانبُد پایان
وزان سپس که درد باد رانبُد معبر
به مولتان شد و در ره دویست قلعه گشاد
که هر یکی را صد بنده بود چون خیبر
به سند و ناحیت هند شهریار آن کرد
کجا به مردم خیبر نه کرده بُد حیدر
نه قلعه ماند که نگشاد و نه سپه که نزد
نه قرمطی که نکشت و نه گبر و نه کافر
چو بازگشت بیک تا فتن به مهنه بشد
از آنکه بود خراسان زرنجها مضطر

اس کے بعد کے کارناموں کا ذکر سنیے:

ز مهنه نیز سوی اسفرین براند ملک
نگنده مرهمه را سرنگون بدان محضر
نهاد خسرو پیروز روز ملک افروز
ز تیغها ستان بر حلق حلقهٔ چنبر

حاشیہ بقیہ صفحہ ۱۳ کا ـــ

۲ے چناب کا قدیم نام

۳ے بظاہر مراد دریائے سندھ ہے۔ جیحون سندھ کے لیے کئی جگہ آیا ہے۔ دیکھیے دیوان سراجی۔ ص ۵۱۵۔

۴ے بیاس کا پرانا نام دیکھیے دیوان سراجی ص ۳۶۔

۵ے رہت یا رہب درست ہے جو دریائے راوی کا پرانا نام ہے۔ دیکھیے دیوان سراجی۔

سپہ ز راہ بیابان بہ مرد بیرون برد
بدان رہی کہ ردد جنّ اندرو بہ حذر
نبود ہرگز جز دیو کس دران ساکن
نبود ہرگز جز غول کس درو رہبر
ز مرو رفت ششم روز را و از آن شد
نمود بر لب جیحون ہزار گونہ عبر
چو ایلک و چو طغان و دہ دوازدہ میر
بیامدند ہمہ رزمجوی چون عنتر...

عنصری کی شاعری کس پائے کی تھی اور قصیدہ نگاری میں وہ کس درجے پر فائز تھا اس کا اندازہ منوچہری دامغانی کے ایک قصیدے سے پوری طرح ہو جائے گا۔ نیز خود یہ قصیدہ دامغانی کی قصیدہ نگاری کا قابل وصف نمونہ ہے۔ اس قصیدے میں شاعر نے اپنے علم و فضل شاعرانہ کمالات، زبان و بیان پر بے پناہ قدرت وغیرہ صفات کا ایسا نمونہ پیش کیا ہے جو کم شاعروں کے حصے میں آیا ہے۔ چند شعر یہاں پیش کرنا چاہوں گا:

ای نہادہ بر میان فرق جان خویشتن
جسم ما زندہ بہ جان و جان تو زندہ بہ تن
ہر زمان روح تو لختی از بدن کمتر شود
گوئی اندر روح تو مضمر ہمی گردد بدن
گر نئی کوکب چرا پیدا نگردی جز بہ شب
ور نئی عاشق چرا گرئی ہمی بر خویشتن
کوکبی آری و لیکن آسمان تست موم
عاشقی آری و لیکن ہست معشوقت لگن
پیرہن در زیر تن پوشی و پوشد ہر کسی
پیرہن بر تن، تو تن پوشی ہمی بر پیرہن

چون بمیری آتش اندر تو رسد زنده شوی

چون شدی بیمار بهتر گردی از گردن زدن

تا همی خندی همی گریی و این بس نادر است

هم تو معشوقی و عاشق ، هم بتی و هم شمن

بشکفی بی نوبهار و پژمری بی مهرگان

بگریی بی دیدگان و باز خندی بی دهن

تو مرا مانی و من هم مر ترا مانم همی

دشمن خویشیم هر دو دوست دار انجمن

خویشتن سوزیم هر دو بر مراد دوستان

دوستان در راحتند از ما و ما اندر حزن

هر دو گریانیم و هر دو زرد و هر دو در گداز

هر دو سوزانیم و هر دو فرد و هر دو ممتحن

آنچه من در دل نهادم بر سرت بینم همی

وانچه تو بر سر نهادی در دلم دارد وطن

راز دار من توئی همواره یار من توئی

غمگسار من توئی من زآن تو زآن من

از فراق روی تو گشتم عدوی آفتاب

وز وصالت بر شب تاری شدستم ممتحن

من دگر یاران خود را آزمودم خاص و عام

نی یکی شان راز دار و نی وفا اندر دو تن

تو همی تابی و من بر تو همی خوانم به مهر

هر شبی تا روز دیوان ابو القاسم حسن

اوستاد اوستادان زمانه عنصری

عنصرش بی عیب و دل بی غش و دینش بی فتن

شعر او چون طبع او هم بی تکلف هم بدیع

طبع او چون شعر او هم با ملاحت هم حسن

نعمت فردوس یک لفظ متینش را ثمر

گنج باد آورد یک بیت مدیحش را ثمن

تا همی خوانی تو اشعارش همی خائی شکر

تا همی گوئی تو ابیاتش همی بوئی سمن

حلم او چون کوه و اندر کوه او کهف امان

طبع او چون بحر و اندر بحر او دُرّ فطن

گاه نظم و گاه نثر و گاه مدح و گاه هجو

روز جدّ و روز هزل و روز کلک و روز دن

دُرّ بار و شکّر ریز و نوش طبع و زهر فعل

جانفروز و دل کشا و غمزدا و لهو تن

کو جریر و کو فرزدق کو زهیر و کو لبید

رؤبهٔ عجّاج و دیک الجن و سیف ذویزن

کو حطیه کو امیه کو نصیب و کو کمیت

اخطل و بشّار برد آن شاعر اهل یمن

در خراسان بو شعیب و بو ذر آن ترک کشی

وان صبور پارسی و آن رودکی چنگ زن

آن دو گرگانی و دو رازی و دو ولوالجی

سه سرخسی و سه کاندر سغد بوده مستکن

ابن هانی ابن رومی ابن معتز ابن بیض

دعبل و بو شیص و آن فاضل که بود اندر قرن

آن خجستہ پنج شاعر کو، کجا بودند شان
عزّہ و عفرا و ہند و میّہ و لیلی سکن
وان دو امرؤالقیس وآن دو طرفہ و دو نابغہ
آن دو حسّان و سہ اعشیٰ وان سہ حمّاد و سہ زن
از بخارا پنج و پنج از مرو و پنج از بلخ باز
ہفت نیشاپوری و سہ طوسی و سہ بوالحسن
گو فراز آیند و شعر او ستا دم بشوند
تا غریزی روضہ بینند و طبیعی نسترن
تا بر آن آثار شعر خویشتن گریند باز
نی بر آثار و دیار و رسم و اطلال و دمن
شعر او فردوس را ماند کہ اندر شعر اوست
ہر چہ در فردوس ما را وعدہ دادہ ذوالمنن
کوثرست الفاظ عذب او و معنی سلسبیل
ذوق او انہار خمر و زلفش انہار لبن
از کف او جود خیزد وز دل او مردمی
از تبت مشک تبتی وز عدن دُرِّ یمن
وقت صلحش کس نداند مرغزن از مرغزار
وقت خشمش کس نداند مرغزار از مرغزن
نظم او و لفظ او و ذوق او و وزن او
ہر خطابش ہر عتابش ہر مدیحش ہر سخن
صنعتش اب و معانی ام و بیداری ولد
حکمتش عمّ و جلالت خال و ہشیاری ختن
محمود غزنوی کے عہد کے دوسرے بڑے شاعر فرخی سیستانی کے قصائد اپنی شعری خصائص

کی وجہ سے اپنا جواب نہیں رکھتے۔ عنصری کی طرح فرخی نے سلطان محمود کے کارنامے زندۂ جاوید کر دیے ہیں۔ عنصری کا زیادہ کلام مفقود ہے لیکن فرخی اس لحاظ سے زیادہ خوش نصیب ہے اس لیے کہ اس کا دیوان محفوظ ہے اور یہ دیوان اس کے بیشتر کلام کو حاوی ہے اور جیساکہ معلوم ہے کہ عنصری کی طرح اس کا کلام بھی بیشتر قصائد اور مدحیہ شاعری پر مشتمل ہے۔ فرخی کے قصاید عنصری پر اس لحاظ سے فوقیت رکھتے ہیں کہ ان میں محمود غزنوی کے دور کے تعلق سے زیادہ واقعات محفوظ کر دیے گئے ہیں۔ محمود کی فتوحات میں سومنات کے حملے کی خصوصی اہمیت ہے لیکن یہ واقعہ عنصری کے یہاں مذکور نہیں۔ البتہ فرخی کے دو قصیدے اس حملے سے متعلق ہیں۔ پہلا قصیدہ "مراجعت سلطان از فتح سومنات" کے عنوان سے ہے اور دوسرا جو ۱۷۵ اشعار پر مشتمل ہے اس کا عنوان "در سفر سومنات و فتح آنجا و شکستن منات و رجعت سلطان" ہے۔

قابل ذکر بات یہ ہے کہ دوسرے قصیدے میں جس کا مطلع یہ ہے:

فسانہ گشت و کہن شد حدیث اسکندر
سخن نو آر کہ نو را حلاوتی است دگر

بہت سی باتیں ایسی بھی لکھی ہیں جو محض افسانہ ہیں۔ اس قصیدے کے مطالب کا ذکر دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔

پہلے ابتدائی اشعار میں مطلع کی مناسبت سے سلطان کا مقابلہ سکندر سے کیا ہے اور سلطان کی برتری بتائی ہے، پھر سفر سومنات کی سختی و دشواری کا ذکر ملتا ہے۔ کہتا ہے سلطان نے ایسا سفر اس سے پہلے کبھی نہیں کیا تھا۔ لشکر بھی بہت بڑا تھا۔ راستے کی طوالت کا کوئی اندازہ نہ تھا شاعرانہ انداز میں کہتا ہے:

دراز تر ز غم مستمند سوختہ دل
کشیدہ تر ز شب دردمند خستہ جگر

موسم بہت خراب تھا، راستہ پرخطر اور زمین پرخار تھی۔ ایسا بیابان کہ دن رات کی طرح تاریک تھا۔ کچھ سجھائی نہیں دیتا تھا۔ لوگ ڈراتے تھے کہ بیابان میں نہایت زہریلے دو منھے سانپ ہیں، مگر محمود نے کوئی پروا نہ کی۔ فوج آگے بڑھتی گئی۔ سواری اور کھانے پینے کا وافر سامان مہیا تھا۔ راستے میں

کئی قلعے پڑے۔ پہلا لدروہ نام کا بڑا شہر تھا، اس کو فتح کر کے آگے بڑھے، نہروالہ پہنچے۔ ان کا فرمانروا بھیم تھا پھر مندھیر، اس کے بعد دیولواڑہ، آخر میں سومنات۔ فرخی کہتا ہے کہ سومنات میں منات بت ہے جو اہل ہند کعبے سے چرا لائے اور یہاں اس کے لیے ایک بڑا بت خانہ درست کیا جس میں "صد ہزار" شبیہیں اور صد ہزار تصاویر تھیں اس میں منات کو نہایت احتیاط سے محفوظ کر دیا تھا۔ بتخانہ سونے اور جواہرات سے پُر تھا۔ اس بت کے سر پر "یک کلہ" تیار کر رکھا تھا، جو یاقوت اور در سے آراستہ تھا۔ اس پر سونے کا ایک بڑا خود چڑھا رکھا تھا جو سونے کا تودہ معلوم ہوتا تھا اس کے تاج کی قیمت ایک ملک کی آمدنی کے برابر تھی۔ اس کا نام سومنات رکھا تھا۔ اس کے متعلق یہ عقیدہ بنا رکھا تھا کہ یہ سمندر سے برآمد ہوا ہے، یہی خالق اور پروردگار جہاں ہے، دنیا کی بھلائی برائی سب اس کے علم میں ہے۔ ایک دوسری جماعت کا یہ عقیدہ تھا کہ یہ آسمان سے خود بخود آیا ہے۔ جب یہ ظہور پذیر ہوا تو کائنات کی ساری اشیا نے اس کے سامنے سجدہ کیا، اس بت کو دودھ اور گنگا کے پانی سے روز دھوتے ہیں۔ اگرچہ گنگا وہاں سے بہت دور ہے مگر روزانہ اس کا پانی لایا جاتا تھا۔ لاکھوں مرد، عورت، بچے ہر روز اس کے درشن کو حاضر ہوتے۔ محمود کا ارادہ ہوا کہ اس بت کو کھود کر مکہ لے جایا جائے:

خدای حکم چناں کردہ بود کان بت را
زجای بر کند آن شہریار دین پرور
بداں نیت کہ مرا ورا بمکہ باز برد
بکندوا ینک با ماہی برد ہمبر
چون بت بکند از آنجا و مال و زر برداشت
بدست خویش بہ بتخانہ درفگند آذر

وہاں ہزاروں آدمی موجود تھے۔ ان سے خوب خوب جنگ ہوئی اور اتنا کشتہ ہوا کہ سمندر کا پانی سرخ ہو گیا۔ سلطان کی دو بڑی خواہشیں تھیں، ایک ہندوؤں کے حج کے مقام کی ویرانی، دوسرے حج کی سعادت کا حصول۔ ایک مراد حاصل ہو گئی۔ دوسری آرزو باقی رہی۔ سومنات کی فتح کے بعد واپسی کا ارادہ ہوا۔ راستے میں سمندر کا کچھ حصہ پڑتا تھا۔ اس کو دیکھ کر سارے لوگ ناامید ہوئے۔ کوئی رہبر نہ تھا جو راستہ بتاتا۔ سمندر میں دن میں دو بار مد و جزر آتا، شکاری اس سے فائدہ اٹھاتے اور سمندر کے کنارے شکار کرتے۔ شاہی لشکر نے اس سے فائدہ اٹھایا۔ سلطان نے سب کو

ڈھارس دی اور پانی اترتے وقت سمندر میں گھوڑا ڈال دیا۔ اس کے بعد سارا لشکر سمندر پار کر گیا۔ اس جگہ کے چند اشعار ملاحظہ ہوں:

چون دل ز سوختن سومنات فارغ کرد
گرفت راه بدرٔ باز رفتگان دگر

همی ز گردش دریا براه پیش آمد
گسسته شد زره امید مردمان یکسر

نبود رهبر کان خلق را بجستی راه
نبود ممکن کان آب را کنند عبر

سوی دراز یک ماه راه ویران بود
رهی به صعبی و زشتی دران دیار سمر

ز سوی پهنا چندانکه کشتی دو سه روز
همی رود چو رود مرغ گرسنه سوی خور

درون دریا مد آمدی بروز دو بار
چنانکه چرخ زدی اندر آب او چنبر

چو مد باز شدی بر کرانش صیادان
فرو شدندی و کردندی از میانه حذر

ملک چو حال چنین دید خلق را دل داد
براند و گفت که این مایه آب را چه خطر

امید خویش بایزد فگند و پیش سپاه
فگند باره خبر خنده پی بآب اندر

بفال نیک شه پُردل آب را بگذاشت
روان شدند همه از پی شه آن لشکر

بر آمدند بر آن پی ز آب آن دریا

چنانکہ گفتی آن آب بُد ہمی فرغر
نہ آنکہ ہیچ کسی را تبن رسید آسیب
نہ آنکہ ہیچ کسی را بجان رسید ضرر
دو روز دو شب از آنجا ہمی سپاہ گذشت
کہ بر نیامد و نگذشت آبش از میزر
جدا ز مردم بگذشت ز آب آن دریا
بر از دو بیست ہزار اسب واشتر واستر
بدین طریق ز یزدان چنین کرامت یافت
تو این کرامت ز اجناس معجزات شمر

واپسی میں حصار کندھ کو فتح کیا۔ وہاں کا حاکم بھیم تھا، اس کو بُری طرح شکست دی۔ اس کے بعد حصار منصورہ کا رخ کیا۔ وہاں کا فرمانروا خفیف تھا وہ گھبرا کر بھاگ گیا اور یہ حالت دیکھ کر سارا لشکر تتر بتر ہو گیا۔ اس طرح کامیاب ہو کر سلطان اپنے مستقر پر پہنچا۔ سومنات کی فتح ماہ بہمن میں ہوئی تھی[1]

فرخی نے بعض قصیدوں میں محمود غزنوی کی اکثر فتوحات کو یکجا ذکر کر دیا ہے۔ ایک قصیدے کے چند اشعار ملاحظہ ہوں[2]۔

جہان را بہ شمشیر چو تسخیر کردی
سپہ بردی از باختر تا بخاور
خلافت کہ جست از ہمہ شہریاران
کہ نہ شہر او بست گردی سراسر
خلافت تو کردست ماسونیان را
بہ ارگ و بہ طاق سپہبد مجاور

---

[1] دیکھیے دیوان فرخی سیستانی تہران ۱۳۳۵، ص ۶۶-۶۷

[2] ایضاً ص ۸۳

خلاف تو زنده است یعقوبیان را
زایوان سام یل و رستم زر
خلاف تو ماید گم گا نجیان را
بجوی ہزار اسب و دشت سدیور
خلاف تو کرد اندر ایام ایلک
بدشت کتر خیل خان را بتر
خلافت جدا کرد بے پایان را
زکتہای زرّین و شاہانہ زیور
خلافت تو کرد ست نندانیان را
بی آرام و بی حال و بی خواب و بی خور
زہی ملک را پادشاہ موفّق
زہی خلق را شہریار مشہر

خلاصۂ کلام یہ کہ فرخی سیستانی کے قصائد اس دور کی سیاسی تاریخ کے اہم ماخذ کا کام کرتے ہیں۔ ان قصائد میں شاعر نے واقعہ نگاری کا بھی حق ادا کیا ہے۔ اگرچہ عام قاری کی دلچسپی ان قصیدوں میں نہیں ہو سکتی، لیکن فرخی کے کلام میں عام قاری کی دلچسپی کا وافر سامان موجود ہے۔ اس نقطۂ نظر کی وضاحت نظامی عروضی سمرقندی کے چہار مقالے کی ایک حکایت سے ہوسکتی ہے، اس کا خلاصہ یہ ہے۔

فرخی سیستانی تھا۔ وہ ممدوح کی تلاش میں چغانیان پہنچا۔ وہاں کا امیر ابوالمظفر چغانی تھا جو اس وقت داغگاہ میں تھا۔ فرخی نے امیر کا مدحیہ قصیدہ جس کا مطلع یہ ہے

با کاروان حلّہ برفتم ز سیستان
با حلّہ تنیدہ ز دل بافتہ ز جان

امیر کے کدخدا خواجہ عمید اسعد کی خدمت میں پیش کیا، فرخی پھٹے پرانے کپڑے میں تھا۔ امیر اسعد کسی طرح یہ باور کرنے کو تیار نہ تھا کہ اس طرح کا قصیدہ کوئی دیہاتی شاعر کا ہو سکتا ہے

صاحب چہار مقالہ کے الفاظ میں۔

"خواجہ عمید اسعد مردی فاضل بود و شاعر دوست، شعر فرخی را شعری دید تر و عذب خوش و استادانہ، فرخی را سگزی دید بی اندام جبہ پیش و پس چاک پوشیدہ دستاری بزرگ سگزی وار در سر و پای و کفش بس ناخوش و شعری در آسمان ہفتم، ہیچ باور نکرد کہ این شعر آن سگزی را شاید بود۔"

پس بطور امتحان کہا کہ امیر داغگاہ میں ہے، میں تجھ کو وہاں لے جاؤں گا اور داغگاہ نہایت عمدہ جگہ ہے۔ سبزے کی کثرت کے ساتھ ساتھ خیموں سے بھرا ہوا ہے۔ ستاروں کی طرح چراغ جل رہے ہیں۔ ہر خیمے سے گانے بجانے کی آواز آرہی ہے۔ دوست بیٹھے شراب پی رہے ہیں۔ امیر کے بارگاہ میں کوزۂ آتش دہک رہا ہے۔ وہاں گھوڑے کو داغتے ہیں اور انعام میں بخشتے جاتے ہیں۔ اس کی مناسبت سے کوئی قصیدہ کہو تاکہ تم کو امیر کے حضور میں پیش کروں۔ فرخی واپس گیا۔ رات میں ایک نہایت عمدہ قصیدہ لکھ کر عمید اسعد کی خدمت میں لایا۔ قصیدہ یہ ہے:

چون پرند نیلگون بر روی پوشد مرغزار
پرنیان ہفت رنگ اندر سر آرد کوہسار

خاک را چون ناف آہو مشک زاید بی قیاس
بید را چون پرّ طوطی برگ روید بی شمار

دوش وقت صبحدم بوی بہار آورد باد
حبذا باد شمال و خرّما باد بہار

باد گوئی مشک سودہ دارد اندر آستین
باغ گوئی لعبتان جلوہ دارد در کنار

نسترن لولوی بیضا دارد اندر مرسلہ
ارغوان لعل بدخشی دارد اندر گوشوار

تا برآمد جامہ ہای سرخ مُل بر شاخ گل
پنجہ ہای دست مردم سر فرو کرد از چنار

باغ بوقلمون لباس وشاخ بوقلموں نمای
آب مروارید گون وابر مروارید بار
راست پنداری کہ خلعتہای رنگین یافتند
باغہای پرنگار از داغگاہ شہریار
داغگاہ شہریار اکنوں چناں خرّم بود
کاندر واز خرمی خیرہ بماند روزگار

خواجہ عمید اسعد اس قصیدہ[1] کو سن کر حیران رہ گیا۔ وہ اس کو لے کر امیر چغانیان کے پاس پہنچا اور عرض پرداز ہوا کہ آپ کے پاس ایک ایسا شاعر لایا ہوں دقیقی کے بعد ایسا شاعر پیدا نہیں ہوا اور اس کی ملاقات کا سارا ماجرا دہرایا۔ امیر بہت خوش ہوا اور اس کی عزت افزائی کی۔ جب شراب کے چند دور چلے، فرخی اٹھا اور نہایت عمدہ لہجے میں یہ قصیدہ[2] پڑھا:

با کاروان حلہ برفتم ز سیستان
با حلۂ تنیدہ ز تن بافتہ ز جان

امیر قصیدے کو سن کر بیحد مسرور ہوا۔ خواجہ اسعد نے کہا ذرا ٹھہریے، اس سے بہتر سنیے فرخی نے داغگاہ کا قصیدہ پڑھا، امیر کو بڑی حیرت ہوئی۔ ایک ہزار عمدہ نسل والے بچھڑے لائے گئے اور فرخی سے کہا کہ ان میں جتنے چاہو پکڑ لو۔ اس طرح بیالیس بچھڑے اس کے حصے میں آئے۔ امیر نے ان کے علاوہ اور دوسرے انعام سے نوازا۔

منوچہری دامغانی فارسی کا وہ بے بدل شاعر ہے جس نے مناظر طبیعی کی نقاشی نہایت موثر و دلکش انداز میں کی ہے۔ کسی فارسی شاعر کے یہاں مناظر طبیعت کا بیان اتنی تفصیلات کے ساتھ نہیں ہوا ہے۔ سینکڑوں ایسے پھولوں، چڑیوں، نغموں اور دوسری متعلق اشیاء کا نام اور خصوصیت

---

[1] دیوان میں یہ قصیدہ ۵۰ بیت کا ہے، ان میں ۲۲ شعر چہار مقالہ مقالۂ دوم میں نقل ہیں۔
[2] دیکھیے دیوان ص ۳۲۹ بعد۔

اس کے کلام میں موجود ہے، جن میں سے اکثر فارسی میں بجز لغات کے کہیں اور نہ ملیں گے یہی ایک وصف ہے جو اس کو فارسی کے بیشتر شاعروں سے ممتاز کرتا ہے۔ ذیل میں بعض قصیدوں کے اشعار جو مناظر قدرت کے عکاس ہیں بطور نمونہ مشتے از خروارے نقل کیے جاتے ہیں:

نوبہار آمد و آورد گل و یاسمنا
باغ ہمچو تبت و راغ لبسان عدنا
آسمان خیمہ زد از بیرم و دیبای کبود
میخ آن خیمہ ستاک سمن و نسترنا
بوستان گوئی بتخانۂ فرخار شدست
مرغکان چون شمن و گلبنگاں چو وثنا
کبک ناقوس زن و شارک سنتور زن است
فاختہ نای زن و بط شدہ طنبور زنا
پردۂ راست زند نارو بر شاخ چنار
پردۂ بادہ زند قمری بر نارونا
کبک پوشیدہ یکی پیرہن خز کبود
کردہ با قیر مسلسل دو بر پیرہنا (ص ۱)

ہمی ریزد میان باغ لولوہا بہ زنبرہا
ہمی سوزد میان راغ عنبرہا بہ مجمرہا
زدہ یاقوت رمانی بصحراہا بہ خرمنہا
فشاندہ مشک خرخیزی بہ بستانہا بہ زنبرہا
چو چنبرہای یاقوتین بروز باد گلبنہا
جہندہ بلبل و صلصل چو بازیگر بہ چنبرہا

شگفته لاله نعمان بسان خوب رخساران
به مشک اندر زده دلها بخون اندر زده سرها
چو حوران نرگسها همه سیمین طبق بر سر
نهاده بر طبقها بر ز زر ساو ساغرها
شقایقهای عشق انگیز پیشاپیش طاووسان
بسان قطره های قیر باریده بر اخگرها
دبیرانند پنداری بباغ اندر، درختانرا
ورقها پر زصورتها قلمها پر ز زیورها
بسان فال گویانند مرغان بر درختان بر
نهاده پیش خویش اندر، پر از تصویر دفترها
فروغ برقها گوئی ز ابر تیره تاری
که بگشادند اکحلهای جبّاران بنشترها (۲ - ۳)

بر لشکر زمستان نوروز نامدار
کردست رای تاختن و قصد کارزار
این باغ و راغ ملکت نوروز ماه بود
این کوه و کوهپایه و این جوی و جویبار
جویش پُر از صنوبر و کوهش پُر از سمن
راغش پُر از بنفشه و باغش پُر از بهار
نوروز از وطن سفری کرد چون مَلِک
آری سفر کنند ملوک بزرگوار
چون دید ماهیان زمستان که در سفر
نوروز مه بماند قریب مهی چهار

اندر دوید و مملکت او بغارتید
با لشکری گران و سپاهی گزافه کار
برداشت تاجهای همه تارک سمن
برداشت پنجه های همه ساعد چنار
بستد عمامه های خز سبز ضیمران
بشکست حقه های زر و در میوه دار
در باغها نشانده گروه از پس گروه
در راهها کشید قطار از پس قطار
باد شمال چون زمستان چنین بدید
اندر تگ ایستاد چو جاسوس بی قرار
خنیاگرانت فاخته و عندلیب را
بشکست نای در کف و طنبور در کنار
نوروز ماه گفت بجان و سر امیر
کز جان دی بر آرم تا چند گه دمار
گرد آورم سپاهی دیبای سبز پوش
زنجیر زلف و سرو قد و سلسله عذار
از ارغوان کمر کنم از ضیمران زره
از نارون پیاده و از ناروان سوار
قوس قزح کمان کنم از شاخ بید تیر
از برگ لاله رایت و از برق ذوالفقار
از ابر پیل سازم و از باد پیلبان
وز بانگ رعد آینهٔ پیل بی شمار (ص ۳۰-۳۱)

نوروز فرخ آمد و نغز آمد و ہژیر

با طالع مبارک و با کوکب منیر

ابر سیاہ چون حبشی دایۂ شدست

باران چو شیر و لالہ ستان کودکی بشیر

گر شیر خوارۂ لالہ ستانست پس چرا

چون شیر خوارہ بلبل کو بر زند صفیر

صلصل بلحن زلزل وقت سپیدہ دم

اشعار بونواس ہمی خواند و جریر

بربید عندلیب زند باغ شہریار

بر سرو زند واف زند تخت اردشیر

عاشق شدہ ست نرگس تازہ بہ کودکی

تا ہم بہ کودکی قد او شد چو قدّ پیر

گلنار بیجو درزی استاد برکشید

توّارہ حریر ز بیجادہ گون حریر

گوئی کہ شنبلید ہمہ شب زریر کوفت

تا بر نشستہ گرد بر ویش بر، از زریر

بر شاخ نار اشکفۂ سرخ شاخ نار

چون از عقیق نرگسدانی بود صغیر

نرگس چنانکہ بر ورق کاسۂ رباب

خنیاگری فگندہ بود حلقۂ زریر

ان اشعار سے اندازہ ہو سکے گا کہ منوچہری نے مناظر قدرت کے اوصاف (کبھی کبھی علامتی طور پر (Symbolic انداز میں) نادر و بدیع تشبیہات کے ساتھ بیان کیے ہیں۔ شاعری کا یہ وصف اس کے یہاں سب سے زیادہ نمایاں ہے۔

اب میں ایک ایسے شاعر کا تعارف کرانا چاہتا ہوں جس کا کلام علم و حکمت، عرفان و تصوف، مذہب و اخلاق کا زبردست خزانہ ہے۔ یہ شاعر حکیم سنائی غزنوی ہے جس کی مثنوی حدیقۃ الحقیقۃ، مثنوی مولانا روم کا ماخذ رہی ہے لیکن خود حکیم سنائی کے زمانے میں ان کے قصاید بے حد مقبول تھے۔ اس کا ثبوت تفسیر میبدی سے فراہم ہوتا ہے۔ اس تفسیر میں آیات قرآنی کی عرفانی تشریح میں سنائی کے قصاید سے پچاسوں مقام پر استشہاد ہوا ہے۔ اس سلسلے میں راقم السطور نے مجلہ علوم اسلامیہ علی گڑھ میں ایک مقالہ شایع کیا ہے۔ شایقین حضرات اس کا مطالعہ کر سکتے ہیں اور اس سے وہ ضرور اس نتیجے پر پہنچیں گے کہ سنائی کے قصائد قرآن کریم کی عارفانہ شرح ہیں۔ یہاں میں سنائی کے چند قصیدوں سے کچھ اشعار نقل کروں گا جن سے ان کے فکر و فن کے بارے میں کچھ اندازہ ہو سکتا ہے:

مکن در جسم و جان منزل کہ این دون است وآن والا
قدم زین ہر دو بالا نہ، نہ اینجا باش و نہ آنجا

بہرچ از راہ باز انتی چہ کفر آن حرف وچہ ایمان
بہرچ از دوست وامانی چہ زشت آن نقش وچہ زیبا

گواہ رہرو آن باشد کہ سردش یابی از دوزخ
نشان عاشق آن باشد کہ خشکش یابی از دریا

سخن کز راہ دین گوئی چہ سریانی چہ عبرانی
مکان کز بہر حق جوئی چہ جابلقا چہ جابلسا

شہادت گفتن آن باشد کہ ہم ز اوّل درآشامی
ہمہ دریای ہستی را بدان حرف نہنگ آسا

نہ بینی خار و خاشاکی درین رہ چون بفراشی
کمر بست و بفرق استاد در راہ شہادت 'لا'

چو 'لا' از صدق انسانی فگندت در رہ حیرت
پس از نور الوہیت باللہ آئی از 'الا'

عروس حضرت قرآن نقاب آنگہ براندازد

کردار الملک ایمان را مجرد بیند از غوغا
عجب نبود گر از قرآن نصیبت نیست جز نقشی
که از خورشید جز گرمی نه بیند چشم نابینا
بمیرای دوست پیش از مرگ اگر می زندگی خواهی
که ادریس از چنین مردن بهشتی گشت پیش از ما
چو علمت هست خدمت کن چو بی علمان که زشت آید
گرفته چینیان احرام و مکی خفته در بطحا

ای سنائی بی کله شو گرت باید سروری
زانکه نزد بخردان تا با کلاهی بی سری
عالمی پر لشکر دیوات سلطان تو دین
زآن سلطان باش و سندیش از برون لشکری
دین حسین تست آز و آرزو خوک و سگ است
تشنه این را می کشی و آن هر دو را می پروری
چون در خیبر بحر حیدر نکند از مهر آن
خانهٔ دین را که داند کرد جز حیدر دری
اندرین ره صد هزار ابلیس آدم روی هست
تا هر آدم روی را زنهار آدم نشمری
غول را از خضر نشناسی همی در تیه جهل
زان همی از رهبران جوئی همیشه رهبری
برتر آی از نفس و عقل و طبع ابراهیم وار
تا بدانی نقشهای ایزدی از آزری

طلب ای عاشقان خوش رفتار | طرب ای نیکوان شیرین کار
تا کی از خانه هین ره صحرا | تا کی از کعبه هین در خمار
زین سپس دست ما و دامن دوست | زین سپس گوش ما و حلقهٔ یار
نیست اندر نگار خانهٔ امر | صورت نقش مومن و کفّار
زانکه در شط بحر الا الله | لا نهنگی است کفر و دین اوبار
دوری از علم تا ز شهوت و خشم | جانت پر پیکرست و بر بیکار
کی در آید فرشته تا نکنی | سگ ز در دور و صورت از دیار

دلا تا کی درین منزل فریب این و آن بینی
یکی زین چاه ظلمانی برون شو تا جهان بینی
جهانی کاندرو هر دل که یابی شادمان یابی
جهانی کاندرو هر جان که بینی شادمان بینی
نه بر اوج هوای او عقاب دل شکر یابی
نه اندر قعر بحر او نهنگ جان ستان بینی
اگر در باغ عشق آئی همه فراش دل یابی
وگر در راه دین آئی همه نقاش جان بینی
گر از میدان شهوانی سوی ایوان عقل آئی
چو کیوان در زمان خود را بهفتم آسمان بینی
چه داری نالش و نازش به ادباری و اقبالی
که تا بر هم زنی دیده نه این ماند نه آن بینی
سر الپ ارسلان دیدی ز رفعت بر تر از گردون
به مرو آنا بخاک اندر تن الپ ارسلان بینی

شرط مردان نیست در دل عشق جانان داشتن
پس دل اندر بند وصل و بند هجران داشتن

شرط مومن چیست اندر خویشتن کافر شدن
شرط ایمان چیست اندر کفر ایمان داشتن

دین و ملت نی و بر جان نقش حکمت در ختن
نوح و کشتی نی و دل در عشق طوفان داشتن

آفتی دان عشوه ده را سر شرع آموختن
فتنهٔ دان دیو را مهر سلیمان داشتن

دین نباشد بامراد و با هوا در ساختن
دین چه باشد خویشتن در حکم دیان داشتن

عشق نبود درد را داروی عقل آمیختن
عشق چه بود درد را هم ذوق درمان داشتن

مسلمانان مسلمانان مسلمانی مسلمانی
ازین آئین بی دینان پشیمانی پشیمانی

از یرا یک جهان پر دیو و پر غول نداند را
که دانند کرد جز اسلام و جز سنت نگهبانی

شراب حکمت شرعی خورید اندر حریم دین
که محرومند ازین عشرت هوس گویان یونانی

ز شرع است نه از ارکان درون جانتان روشن
ز خورشید ست نز ماه است جرم ماه نورانی

برگ بی برگی نداری لاف درویشی مزن

رخ چو عیاران نداری جان چو نامردان مکن

یا برو همچون زنان رنگی و بوی پیشه گیر

ورنه چون مردان درآی و گوی در میدان فگن

سر برآ از گلشن تحقیق تا در کوی دین

کشتگان زنده بینی انجمن در انجمن

در یکی صف خستگان بینی به تیغی چون حسین

در دگر صف کشتگان بینی بزهری چون حسن

درد دین خود بوالعجب دردیست کاندر وی چو شمع

چون شدی بیمار بهتر گردی از گردن زدن

اندرین میدان که خود رامی دراندازد وجود

واندران مجلس که بت رامی بسوزد برهمن

هر خسی از رنگ و گفتاری درین ره کی رسد

درد باید پرده سوز و مرد باید گام زن

سالها باید که تا یک سنگ اصلی ز آفتاب

لعل گردد در بدخشان یا عقیق اندر یمن

حکیم سنائی کے بیشتر کلام کا انداز عارفانہ وحکیمانہ ہے۔ان کے دیوان میں بیسوں قصاید اسی انداز کے ملتے ہیں اور میرا خیال ہے کہ اگر صرف سنائی کے قصیدے کا ٹھیک طور پر مطالعہ کیا جائے تو فارسی قصیدہ نگاری کی بابت جو عام غلط فہمی ہے وہ رفع ہوسکتی ہے۔ عرصہ ہوا راقم الحروف نے سنائی کے قصاید پر ایک طویل مقالہ معارف میں شایع کیا تھا۔ اس مقالے میں سنائی کی نگاہ نظر معرض بحث میں آئی تھی۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ سنائی کے قصاید کو تحقیق عمیق کا موضوع بنایا جائے

سنائی کے معاصرین میں مسعود سعد سلمان ایک ممتاز قصیدہ نگار کی حیثیت سے افق سخن

بر جلوہ گر ہوتے ہیں، ان کے قصاید زندگی کی بصیرتوں سے پُر ہا رہیں۔ ہمارے مخصوص نقطۂ نظر سے ان کے قصائد حسب ذیل خصوصیات کے حامل ہیں۔

۱۔ ان کے قصیدے فارسی کے اعلیٰ نمونے ہیں۔ ان سے شاعر کی قادر الکلامی کا پورا ثبوت فراہم ہوتا ہے۔

۲۔ ان کے قصیدے تاریخی واقعات سے پُر ہیں، اور بعض امور تو ایسے ہیں جن کا واحد ماخذ مسعودِ سعدِ سلمان کا کلام ہے۔ اگرچہ سیف الدولہ محمود پسر ابراہیم غزنوی نائب السلطنت ہندوستان ۴۶۹ھ میں مقرر ہوا لیکن اس سے پہلے اس نے ہندوستان پر حملے کیے تھے۔ اس کی منجملہ اور فتوحات کے قلو آگرہ کی فتح نہایت اہم کارنامہ ہے مسعودِ سعدِ سلمان اس موقع پر خود غزنین فوج کے ہمراہ تھا اور اس فتح کا چشم دید گواہ راقم الحروف نے ایک مقالہ انگریزی میں اسی موضوع پر عرصہ ہوا انڈو ایرانیکا کلکتہ کے لیے لکھا تھا جو امسال شایع ہو سکا ہے۔ اس میں مسعودِ سعدِ سلمان کے دونوں قصیدوں کا انگریزی میں ترجمہ بھی کر دیا گیا تھا۔

۳۔ مسعود سعد سلمان کی بدولت "حبسیہ" فارسی قصیدے کا ایک اہم حصہ قرار پایا اور جیسا کہ معلوم ہے کہ مسعود مدت دراز تک حبس میں رہا ہے اور قید خانے میں اس نے متعدد نظمیں اپنی بے گناہی کے سلسلے میں لکھیں جو بے اثر ثابت ہوئیں، مسعود کے ان قصائد میں جو انتہائی بے چارگی کی حالت میں لکھے گئے تھے انسانی کردار کی بلندی قایم رکھی۔

ذیل میں ان کے صرف ایک "حبسیہ" کے کچھ اشعار نقل کیے جاتے ہیں۔ یہ قصیدہ محمد خطیبی[۱] کے ایک منظومہ کے جواب میں ہے جس میں انھوں نے اپنی قید کے مصائب اور پریشانی کا ذکر کیا تھا مسعودِ سعدِ سلمان کا جواب یہی قصیدہ ہے۔ جس کے چند اشعار ہدیہ ناظرین ہیں۔

۱؎ محمد خطیبی کے حالات کے لیے دیکھیے مکاتیب سنائی، حواشی از راقم السطور ص ۲۱۳ — ۲۳۰۔

محمدا ای به جهان عین فضل و ذات هنر — و نی اگر بود از فضل در هنر بیگر

ترا خطیبی خوانند شاید و زیبد — که تو فصیح خطیبی بنظم و نثر اندر

بلطف و سرعت آبست و باد خاطر و طبع — بتاب و قوت عقلت چه خاک چه آذر

چو تو قرین و رفیق و چو تو برادر و دوست — که داشته است و که دارد بدین جهان اندر

ز حسب حال چو زهر تو زهره ام خون شد — که نظم کرده آن را بگفتهٔ چو شکر

فرد و اوان داری همی، چرا نانی — از این دوازده برج نگون و هفت اختر

تو ای برادر خود را میفگن از ره راست — ز چرخ و اختر هرگز نه خیر دان و نه شر

همه قضا و قدر کردگار عالم راست — مدان تو دولت و محنت جز از قضا و قدر

جهانت عبرت و پندست رفته و مانده — تو مانده باز شناس و تو رفته باز نگر

اگر ز مانده نداری خبر عجب نبود — ز رفته باری داری چنانکه بود خبر

چو بنگریم همی دون پس از قضای خدا — بلای ما همه قزدار[1] بود و جالندر[2]

من و تو هر دو فضولی شدیم و چرخ ازیخ — بکندمان و سزاوار بود و اندر خور

حدیث خویش همی گویم ای برادر من — تو زینهار گمان دگر مدار و مبر

مرا اگر پس ازین دولتی دهد یاری — من و ثنای خداوند و خامه و دفتر

اگر خلاصی باشد مرا و خواهد او — نباشدم هوس لشکر و هوای سفر

شوم بنانی قانع، به جامهٔ راضی — به خط عقل ترا کنم ز عجب و نفر

---

